General Science - 9th Class General Science Urdu Medium Chapter 1 Preparation

Q1. سائنس کی تین حدود تحریر کریں.

Ans 1: 1. قدرتی آفات پر کنٹرول حاصل نہیں کیا جاسکا ہے. بنی نوح انسان کےلیے خوراک کا مسلہ پوری طرح حل نہیں ہوسکا ہے. 3. انرجی کے متبادل ذرائع دریافت نہیں کیے جاسکے.

Q2. جابر بن حیان نے کون سے تیزاب تیار کیے تھے؟

Ans 1: جابر بن حیان نے سب سے پہلے سلفیورک ایسڈ ، نائٹرک ایسڈ اور ہائڈروکلورک ایسڈ تیا کئے.

Q3. سائنس کے میدان میں ابن الہیشم کے دو کارنامے لکھئے.

Ans 1: 1. ابن الہیشم نے سب سے پہلے مادہ کے انرشیا کا نام لیا جو بہت بعد میں نیوٹن کے حرکت کے قوانین کے نام سے مشہور ہوا. 2. پن ہول کیمرہ بھی ابن الہیشم نے ایجاد کیا.

Q4. انٹرنیٹ سے کیا مراد ہے مختصر لکھیں.

Ans 1: کمپیوٹر کی مدد سے گھر بیٹھے ملکی و غیر ملکی معلومات حاصل کرسکتے ہیں. کیونکہ تمام کمپیوٹر انٹرنیٹ کے ذریعے ایک دوسرے سے منسلک کیے جاتے ہیں. ان معلوما ت کو ریکارڈ کیا جاسکتا ہے اور بعد میں صیح طریقے سے سنا اور سمجھا جاسکتا ہے. اور حسب ضرورت ان کا پرنٹ حاصل کیا جاسکتا ہے

Q5. ریاضی کی تعریف کریں اور ریاضی دانوں کے نام لکھیں.

Ans 1: ریاضی ، اعداد اور پیمائش کی خصوصیت کا علم ہے جس میں حساب ، الجبرا اور جیومیٹری وغیرہ شامل ہیں . نیوٹن اور آئن سٹائن مشہور ریاضی دان گزرے ہیں.

Q6. رجر بیکن کے بارے میں آپ کیا جانتے ہیں.

Ans 1: رجر بیکن نے دور بین ایجاد کی.

Q7. زراعت سے کیا مراد ہے؟

Ans 1: کھیتی باڑی کے طریقے ، گوشت اور دودھ دینے والے جانوروں کو پالنے کا علم زراعت کہلاتا ہے.

Q8. ڈاکٹر منیر احمد خان کی خدمات لکھئے.

Ans 1: ڈاکٹر منیر احمد خان نے 1957 میں دیانا مین انٹرنیشنل اٹامک ایجنسی میں ملازمت اختیار کی اور 1971ء تک وہیں رہے. 20جنوری 1972ء میں پاکستان اٹامک انرجی کمیشن کے چیرمین مقررہ ہوئے اور 1990ء میں کمیشن کی ذمہ داریوں سے سبکدوش ہوئے. ان کی سربراہی میں رزعی تحقیقی اٹامک انرجی اور میڈسن کے شعبوں میں نمایاں ترقی ہوئی.

Q9. ٹیکنالوجی کی تعریف کریں.

Ans 1: صنعتی فنون کا علم فنون ارتقاء کا مطالعہ اور تجرباتی سائنسی علوم کے طور پر استعمال ٹیکنالوجی کہلاتا ہے.

Q10. محمد بن زکریا رازی نے کیمیائی مرکبات کو کتنے حصوں میں تقسیم کیا.

Ans 1: محمد بن زکریا رازی نے مختلف کیمیائی مرکبا ت کو چار گروپوں میں تقسیم کیا جن کے نام قابل ذکر ہیں. 1. معدنیاتی 2. نباتاتی 3. حیوانی 4. ماخوذ محمد بن زکریا رازی کی مختلف کیمیائی مرکبات کے بارے میں یہ گرو بندی آج بھی تسلیم کی جاتی ہے.